© rasailojaraid.com

سبیل الرشاد فی تحقیق تلفظ الضاد | قاری محمد شریف صاحب شیخ التجوید مدرسہ دار القراء ماڈل ٹاؤن لاہور۔ قیمت تین روپے۔ صفحات ۱۷۲ ـــــ حرف ضاد کے مشابہت بالظاہر پر ایک علمی اور تحقیقی مقالہ ایک صاحب فن اور جید قاری کے قلم سے۔ انداز بھی مناظرانہ نہیں بلکہ تحقیقی اور فنی ہے، اہل علم و اصحاب تجوید کے لئے اس کا مطالعہ زیادت معلومات کا باعث ہوگا ـــــ

اسلام اور اشتراکیت | از مولانا بہاؤ الحق صاحب قاسمی، بلاک ۱۔ ماڈل ٹاؤن بی لاہور۔

اس موضوع پر مولانا محترم کے قلم سے نہایت مفید، موثر اور قابل قدر کوشش ہے، کتاب دراصل ان تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے جو اشتراکیت کا بوڑ اسلام سے ملانے پر ایک بزرگ کے مضامین کی تردید میں فاضل مؤلف کے قلم سے نکلی تھیں، اس کتاب کی اشاعت، مطالعہ اور زیادہ سے زیادہ فروغ اس وقت ایک اہم دینی و ملی ضرورت ہے جو لوگ "اسلامی سوشلزم" کے نام سے ریشم میں ٹاٹ کی پیوندکاری کرنے میں مصروف ہیں، یہ کتابچہ ان کے لئے تازیانہ ہے، صرف اہل علم اور تعلیمیافتہ طبقہ ۱۹ پیسے کا ڈاک خرچ بھیج کر مفت طلب کر سکتے ہیں۔

آداب القرآن | حضرت مولانا محمد اجمل خان صاحب ناظم جمعیۃ العلماء اسلام مغربی پاکستان۔ صفحات ۱۹۶ ـــــ قیمت ۳/ روپے۔ ناشر: مکتبۂ اشاعت اسلام اردو بازار، لاہور۔

قرآن کریم کی عظمت اور اسکی تلاوت قرأت، کتابت طباعت جملہ امور سے متعلق آداب اور احترام کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے، اور آداب کے باریک سے باریک گوشوں کو نمایاں کیا گیا ہے، جسکی اس پرفتن زمانہ میں بے حد ضرورت تھی حق تعالیٰ فاضل مصنف کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ انہوں نے آداب قرآن سے متعلق تمام ضروری اور اہم مسائل کو جمع فرمایا۔ کتاب کے مآخذ نہایت مقبول معتمد اور وقیع کتب تفاسیر و علوم قرآن ہیں۔ ہمارے محترم مؤلف نے اسے نہایت سلیقہ اور حسن ترتیب سے یکجا کر کے بڑا کام کیا حق تعالیٰ کتاب کو قبولیت سے نوازے۔

فضائل درود شریف | مرتبہ قاری فیض الرحمان ایم اے۔ صفحات ۴۸۔ قیمت ۷۵ پیسے۔ ناشر: جمعیۃ قرۃ الاسلام الممتاز کچہری روڈ، انارکلی۔ لاہور ـــــ نبی کریمؐ سے عشق و محبت اور شیفتگی روح ایمان ہے اور درود شریف اس کا مظہر، جناب قاری صاحب نے پیش نظر رسالہ میں صلوٰۃ و سلام کے فضائل، برکات اور اثرات نیز اس کے مقصد اور طالب کے دلنشین پیرایہ میں بیان فرمایا ہے کتاب کا انگریزی ایڈیشن الگ [illegible] مبارک کتابچوں سے استفادہ کی توفیق بخشے۔

© rasailojaraid.com